© rasailojaraid.com

وَفَیات

## والدہ ماجدہ مولانا صلاح الدین، بلوچستان

☆......مولانا صلاح الدین زید مجدہم (ناظم وفاق المدارس العربیہ بلوچستان) کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال فرما گئیں، اناللہ وانا الیہ راجعون، مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک صفت خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین

## شیخ الحدیث مولانا محمد اسحٰق مدنی رحمہ اللہ

☆......شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسحٰق مدنی ۲۷ جون ۲۰۱۸ء کو اچانک دل دورہ پڑنے سے انتقال فرما گئے۔ آپ ۱۹۴۰ء میں پیدا ہوئے، آپ نے دینی تعلیم دارالعلوم تعلیم الاسلام پلندری، جامعہ خیر المدارس ملتان سے حاصل کی، اور دورہ حدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی سے ۱۹۶۴ء میں کیا۔ آپ نے چار برس مدینہ یونیورسٹی میں بھی تعلیم حاصل کی اور مدینہ یورسٹی کی جانب سے عرب امارات کے شعبہ دعوت وارشاد میں آپ کا تقرر ہوا، یہاں آپ نے ۴۵ برس درس دیا، علاوہ ازیں مسجد نبوی زادھا اللہ شرفا وکرامھا میں بھی کچھ عرصہ درس دیتے رہے۔
آپ اسلامی نظریاتی کونسل آزاد کشمیر کے رکن، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سرپرست تھے۔ آپ کی ۳۶ کے قریب عربی اردو تصانیف ہیں، جن میں آپ کی تفسیر عمدۃ البیان مشہور ہے۔ آپ کی نماز جنازہ منگ کے بزرگ عالم دین مولانا محمد یٰسین صاحب دامت برکاتہم نے پڑھائی، جس میں علماء وعامۃ الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ آپ نے اولاد میں چھ بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑیں، اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور آپ کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، آمین۔

## حضرت مولانا عبدالقادر ڈیروی رحمہ اللہ

☆......۴ جولائی ۲۰۱۸ء کی شام جنوبی پنجاب کی معروف روحانی شخصیت حضرت مولانا عبدالقادر ڈیروی ڈیرہ غازی خان میں انتقال فرما گئے، اناللہ وانا الیہ راجعون! ۵ جولائی کو آپ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا عبدالمجید (کبیر والا) نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں علماء، عامۃ الناس اور آپ کے مریدین ومعتقدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## مولانا مفتی مطیع اللہ جمیل مرحوم

☆......حضرت مولانا محمد جمیل صاحب دامت برکاتہم العالیہ جن کا تعلق تبلیغی مرکز رائیونڈ کے بزرگوں سے ہے،



© rasailojaraid.com